# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 2nd December, 2025 at 2:00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**2. MR. IBRAR AHMAD**
**RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**
**MS. SEEMA MOHI-UD-DIN JAMILI**
**MR. ANJUM AQEEL KHAN**
**MS. TAHIRA AURANGZEB**
to invite attention of the Minister for National Health Service, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding taking up with the Government of Punjab the issue of non entertainment of residents of Islamabad at the Rawalpindi Institute of Cardiology, causing grave concern amongst the public.

### INTRODUCTION OF BILL

**3. MS. SEHAR KAMRAN**
**SHAZIA MARRI** to move for leave to introduce a Bill to prevent food waste, promote food donation, and ensure sustainable use of resources [The ICT Prevention of Food Waste Bill, 2025].

**4.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

### MOTION

**5. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the calling attention notice no. 17 regarding poor condition of roads in rural areas particularly jagiot Road and Sikandar-e-Azam Road, Islamabad, referred to the Committee on 17.02.2025, till today be condoned.

### PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**6. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, to present report of the Standing Committee on the calling attention notice no. 17 regarding poor condition of roads in rural areas particularly jagiot Road and Sikandar-e-Azam Road, Islamabad.

### RESOLUTION

**7. DR. SHARMILA FARUQUI** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to address the persistent safety, regulatory and operational deficiencies undermining Pakistan's aviation sector".

### MOTION UNDER RULE 259

**8. MS. ASIA NAZ TANOLI** to move the following motion:-
"This House may discuss the situation arising out of slow pace of work on maintenance of Farooqia railway crossing, Taxila.

### MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**9.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**10. MR. MUHAMMAD ASLAM GHUMMAN** to invite attention of the Minister for Federal Education and Professional Training, to a matter of urgent public importance regarding suspension of construction work of University of Applied Engineering and Emerging Technologies, Sambrial, Sialkot started in 2023 due to non-provision of funds by the Federal Government, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**1st December, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۲ دسمبر، ۲۰۲۵ء دوپہر دو بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

**توجہ دلاؤ نوٹس**

۲۔ **جناب ابرار احمد** **جناب انجم عقیل خان** **راجا خرم شہزاد نواز** **محترمہ طاہرہ اورنگزیب** **محترمہ سیما محی الدین جمیلی** وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو اسلام آباد کے مکینوں کو راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں علاج معالجہ کی سہولت فراہم نہ کئے جانے کی بابت حکومت پنجاب کے ساتھ یہ معاملہ اٹھانے سے متعلق ہے۔

**بلوں کا پیش کرنا**

۳۔ **محترمہ سحر کامران** **شازیہ مری** تحریک پیش کریں گی کہ غذائی ضیاع کی روک تھام، غذائی عطیہ کے فروغ اور وسائل کے دیرپا استعمال کو یقینی بنانے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں غذائی ضیاع کی روک تھام بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

**تحریک**

۵۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ دیہی علاقوں میں سڑکوں خصوصاً جگیوٹ روڈ اور سکندر اعظم روڈ، اسلام آباد کی خستہ حالی کے بارے میں ۱۷ فروری، ۲۰۲۵ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ توجہ دلاؤ نوٹس نمبر ۷ پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

**قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا**

۶۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات دیہی علاقوں میں سڑکوں خصوصاً جگیوٹ روڈ اور سکندر اعظم روڈ، اسلام آباد کی خستہ حالی سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس نمبر ۷ پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

**قرارداد**

۷۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت، پاکستان کے شعبہ ہوابازی کو کمزور کرنے والی مسلسل حفاظتی، انضباطی اور آپریشنل خامیوں کو دور کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے۔"

**تحریک زیر قاعدہ ۲۵۹**

۸۔ **محترمہ آسیہ ناز تنولی** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

"یہ ایوان فاروقیہ ریلوے پھاٹک، ٹیکسلا کے مرمتی کام میں سست روی سے پیدا ہونے والی صورتحال پر بحث کرے۔"

**نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات**

۹۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

**توجہ دلاؤ نوٹس**

۱۰۔ **جناب محمد اسلم گھمن** وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو وفاقی حکومت کی جانب سے فنڈز کی عدم فراہمی کے باعث ۲۰۲۳ء میں شروع ہونے والی یونیورسٹی آف اپلائیڈ انجینئرنگ اینڈ ایمرجنگ ٹیکنالوجیز، سمبڑیال، سیالکوٹ کے تعمیراتی کام کی معطلی سے متعلق ہے۔

اسلام آباد،
یکم دسمبر، ۲۰۲۵ء

طاہر حسین
سیکرٹری جنرل

<u>NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT</u>

## SUPPLEMENTARY ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 2nd December, 2025.

## TO BE READ AFTER ITEM NO. 4

## LEGISLATIVE BUSINESS

**4A. MK SYED SAMI UL HASAN GILANI** to move that the Bill to provide for the establishment of the Al-Biruni International University, Islamabad [The Al-Biruni International University, Islamabad Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**4B. MK SYED SAMI UL HASAN GILANI** to move that the Bill to provide for the establishment of the Al-Biruni International University, Islamabad [The Al-Biruni International University, Islamabad Bill, 2025], be passed.

**Islamabad, the**
**2nd December, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## ضمنی نظام کار

برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۲ دسمبر، ۲۰۲۵ء کو منعقد ہو گا۔

## آئٹم نمبر ۴ کے بعد پڑھا جائے

## قانون سازی

۴/الف۔ مخدوم سید سمیع الحسن گیلانی تحریک پیش کریں گے کہ البیرونی بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [البیرونی بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۴/ب۔ مخدوم سید سمیع الحسن گیلانی تحریک پیش کریں گے کہ البیرونی بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [البیرونی بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

اسلام آباد،
۲ دسمبر، ۲۰۲۵ء

طاہر حسین
سیکرٹری جنرل